© rasailojaraid.com

## ﴿اخبار مرکزی دفتر وفاق﴾

☆ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضمنی امتحانات 13 تا 15 ذیقعدہ 1435ھ مطابق 17 تا 19 ستمبر 2014ء کو منعقد ہوئے۔ ضمنی امتحان کے پرچہ جات کی مارکنگ کا عمل 19 ستمبر 2014ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز مغرب حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب مدظلہم (رکن مجلس عاملہ و امتحانی کمیٹی) کی نگرانی میں شروع ہو کر 27 ستمبر کو مکمل ہوا۔ مارکنگ کے عمل میں 80 ممتحنین اور چار ممتحنین اعلیٰ نے حصہ لیا۔ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم نے بھی مارکنگ کے عمل کا جائزہ لیا اور ممتحنین کو ضروری ہدایات جاری فرمائیں۔

☆ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر حضرت الشیخ مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے ''وفاق المدارس'' سے ملحق دینی مدارس و جامعات کے ضمنی امتحان برائے سال 1435ھ/2014ء کے نتائج کا اعلان مورخہ یکم اکتوبر 2014ء مطابق 5 ذوالحجہ 1435ھ کو کر دیا ہے۔ ملک بھر میں طلبہ و طالبات کے کل 180 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ ضمنی امتحان کے لئے 29443 طلبہ و طالبات کو رول نمبر جاری ہوئے۔ جن میں سے 28062 طلبہ و طالبات نے امتحانات میں شرکت کی۔ ان شرکاء میں سے 20396 نے کامیابی حاصل کی اور 7666 ناکام ہوئے۔ اس طرح مجموعی طور پر نتیجہ 73 فیصد رہا۔

### ﴿بعد از نظر ثانی پوزیشنوں میں تبدیلی﴾

☆ جامعہ عثمانیہ پشاور کے شفیع اللہ نے 519 نمبروں کے ساتھ عالیہ بنین صوبہ خیبر پختونخواہ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

☆ معہد الفقیر الاسلامی جھنگ کے محمد نعیم الرحمٰن نے 501 نمبروں کے ساتھ عالیہ بنین پنجاب میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

☆ جامعہ دارالعلوم چمن کے حبیب الرحمٰن نے 486 نمبروں کے ساتھ عالیہ بنین بلوچستان میں اول پوزیشن حاصل کی۔

☆ جامعہ دارالعلوم کبیروالا کے طالبعلم زین اللہ بن غلام قادر نے 576 نمبروں کے ساتھ خاصہ بنین پنجاب میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

☆ جامعہ اسلامیہ ام حبیبہ للبنات کراچی کی طالبہ کلثوم نے 588 نمبروں کے ساتھ خاصہ بنات میں ملکی سطح پر دوم اور صوبہ سندھ میں اول پوزیشن حاصل کی۔

☆ جامعہ اسلامیہ نصرت الاسلام گلگت کی طالبہ بنایہ نے 489 نمبروں کے ساتھ خاصہ بنات گلگت بلتستان میں اول پوزیشن حاصل کی۔

© rasailojaraid.com